اهم فیصلے

(۶) متوسطہ سالِ سوم کے لازمی مضامین

۱۴۲۸ھ سے متوسطہ سالِ سوم کے امتحان میں کامیابی کے لئے درج ذیل اسباق میں پاس ہونا ضروری ہے:

قرآن مجید(ناظرہ)، اُردو، انگریزی، ریاضی

(۷) سند میں تبدیلی کرنے والوں کی سند منسوخ

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر کوئی طالب علم ازخود اپنی سند میں کسی قسم کا ردوبدل کرے گا یا کچھ لکھے گا تو ''وفاق'' اس کی تمام اسناد منسوخ کردے گا۔

(۸) اسناد پر سنین کا اندراج

بعض قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے آئندہ ''وفاق''، ضمنی امتحان پاس کرنے والوں کی سند پر جس سال شریکِ امتحان ہوا وہ بھی درج کرے گا اور جس سال کامیاب ہوا وہ سال بھی درج کرے گا۔

(۹) تخصصات کے نصاب پر غور وخوض

وفاق کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا تھا کہ ''وفاق'' مختلف تخصصات کا نصاب مرتب کر کے مدارس کو مطلع کرے گا اور آئندہ تخصصات کا امتحان بھی ''وفاق'' لے گا۔ اب تک حضرت مولانا نصیب علی شاہ صاحب نے ''تخصص فی الفقہ'' کا نصاب مرتب کر کے بھجوایا ہے جس کی کاپیاں مزید غور وفکر کے لئے ارکانِ عاملہ کو مہیا کی جارہی ہیں۔ ان کی آراء کے بعد اسے حتمی شکل دے دی جائے گی۔

(۱۰) بیرونِ ممالک مدارس کا الحاق

مولانا عبدالوحید صاحب نے مدینہ منورہ سے ''وفاق المدارس'' کے ساتھ اپنے مدرسہ کے الحاق کی درخواست دی ہے، اس کے لئے مجلسِ عاملہ کے تین ارکان مدرسہ مذکورہ کا معائنہ کریں گے اور نصاب ونظامِ تعلیم کے بارے میں اپنی رپورٹ عاملہ میں پیش کریں گے۔

(۱۱) نسواں بل کا استرداد

وفاق نام نہاد ''تحفظ حقوقِ نسواں بل'' کو قرآن وسُنّت کے منافی قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے سیاسی مسئلہ نہ بنائے اور دستورِ پاکستان کے مطابق مُلک میں قرآن وسُنّت کے خلاف کوئی قانون سازی نہ کرے۔